گورنر KATHY HOCHUL

فوری ریلیز کے لیے: 5/9/2024

مستقبل کی توانائی کی معیشت کی سربراہی کانفرنس میں، گورنر HOCHUL کا صاف توانائی کی جدید ٹیکنالوجیز کو قابلِ تجدید توانائی کی تیاری اور اقتصادی ترقی کی حمایت میں کلیدی کردار ادا کرنے کا مطالبہ

قابلِ ترسیل کاربن کے اخراج سے پاک وسائل اور قابل تجدید ذرائع کی مسلسل تعیناتی کے ساتھ توانائی کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے اگلے اقدامات کا خاکہ

ریاست نیو یارک کے پبلک سروس کمیشن کے 'سنہ 2040 تک زیرو اخراج' کی کارروائی اور ریاست کے توانائی کی منصوبہ بندی کے بورڈ کے کام کی حمایت کرتا ہے

سیراکیوز میں منعقدہ مستقبل کی توانائی کی معیشت پر سربراہی کانفرنس میں، گورنر Kathy Hochul نے آج صاف توانائی کی جدید ٹیکنالوجیز پر زور دیا جو قابلِ تجدید توانائی اور اقتصادی ترقی کی حمایت میں کلیدی کردار ادا کریں۔ سربراہی اجلاس نے توانائی کی بڑھتی ہوئی طلب کے لیے منصوبہ بندی کے لیے درکار اگلے اقدامات کا خاکہ پیش کیا جو کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے نظام کی جانب پیش رفت کو تیز کرنے کے لیے ریاست کے عزم کی حمایت کر سکتے ہیں۔

گورنر Hochul نے کہا، "نیو یارک صاف توانائی کی معیشت تعمیر کر رہا ہے جو ترقی، آسانی اور ٹیکنالوجیز کو پروان چڑھاتی ہے جس سے ہمارا کاربن کا فٹ پرنٹ کم ہو گا۔ ملک میں سب سے کامیاب آف شور ونڈ انڈسٹری بنانے سے لے کر ایک پائیدار الیکٹرک گرڈ میں اپنی سرمایہ کاری تک، ہم اپنی آب و ہوا کے تحفظ کے لیے ایک قومی رہنماء ہونے کے لیے پرعزم ہیں - اور ہم اس وقت تک نہیں رکیں گے جب تک کہ ہم اپنے بچوں کے لیے بہترین ممکنہ مستقبل تخلیق نہیں کر لیتے"۔

سربراہی کانفرنس کے تین نکات میں نیو یارک کے قابلِ تجدید توانائی کے گرڈ کی تعمیر پر مسلسل توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت شامل ہے تاکہ صحت، ماحولیات اور اقتصادی فوائد کو حقیقت بنایا جائے جو ہوا اور شمسی توانائی جیسے وسائل فراہم کرتے ہیں؛ ریاست کی پھیلتی ہوئی معیشت کے لیے قابلِ اعتماد، لچکدار اور سستے قابلِ تجدید گرڈ کی حمایت کرنے کے لیے ٹیکنالوجی پر تحقیق، مارکیٹ کی تیاری اور نئے اور موجودہ ترسیلی نظام کے کاربن کے اخراج سے پاک وسائل کے تجارتی مظاہرے پر نئی توجہ دلانا؛ اور Biden-Harris انتظامیہ کی طرف سے پیش کردہ ممکنہ وفاقی فنڈنگ کے مواقع کی شناخت، فائدہ اٹھانا اور زیادہ سے زیادہ کرنا، اور معیشت کی ترقی کی حکمت عملیوں کو مزید سہارا دینے کے لیے پالیسی کی تیاری کی تجاویز دینا۔

سربراہی اجلاس کے دوران حاصل کردہ بصیرت کا استعمال کرتے ہوئے، ریاست مندرجہ ذیل اگلے اقدامات کرنے کے لیے صنعت کو مشغول کرے گی:

- سنہ 2025 کے اوائل تک ریاست کے بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید توانائی کے پروگرام کا جاری پبلک سروس کمیشن کا جائزہ مکمل کرنا، جسے کلین انرجی سٹینڈرڈ (Clean Energy Standard, CES) کہا جاتا ہے اور نیو یارک کی بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید توانائی کی صنعت کو تیز کرنے اور توسیع دینے کے لیے اہم اقدامات کو آگے بڑھانا، تعیناتی کے اہداف پر توجہ مرکوز کرنا، اصلاحات کو باہم منسلک کرنا اور تیز رفتار

ماحولیاتی جائزوں کے لیے RAPID ایکٹ کا بروقت نفاذ اور قابلِ تجدید توانائی اور برقی ترسیل کی بڑی سہولیات کی اجازت دینا؛

- اقتصادی ترقی اور اگلی نسل کی کاربن کے اخراج سے پاک توانائی ٹیکنالوجی کی منصوبہ بندی اور تعیناتی کے لیے متعلقہ فنڈنگ کے مواقع کے لیے درخواست دے کر وفاقی پروگراموں کا زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا؛

- زیرِ التواء 'سنہ 2040 تک صفر اخراج' پر ایڈوانس پبلک سروس کمیشن کی کارروائی جو کہ نیو یارک کے موسمیاتی ایکٹ کے ذریعے قائم کردہ سنہ 2040 تک صفر اخراج والے بجلی کے نظام کے ہدف کی معاونت کرنے والی ٹیکنالوجیز کی تحقیقات کر رہی ہے؛
- یہاں پائے جانے والے ایڈوانسڈ نیوکلیئر ٹیکنالوجیز بلیو پرنٹ کے مسودے پر صنعت کی رائے طلب کرنا اور اس سال کے آخر تک مسودے کے بلیو پرنٹ کو حتمی شکل دینا؛ اور
- اس بات کو یقینی بنانا کہ ریاست نیو یارک کا توانائی کی منصوبہ بندی کے بورڈ کی جانب سے تیار کردہ اگلے ریاستی توانائی پلان، جو حال ہی میں گورنر Hochul کی جانب سے بلایا گیا ہے، مناسب طریقے سے اس کردار پر غور کرتا ہے جو اعلی درجے کی اخراج سے پاک ٹیکنالوجیز ریاست کے ایک گہرے قابلِ تجدید الیکٹرک گرڈ اور ایسے پروگراموں کی سرمایہ بندی کی طرف جانے میں ادا کر سکتی ہے جو ریاست کی معیشت کو وسعت دیں۔

سربراہی کانفرنس، جس میں ذاتی طور پر اور عملی طور پر 600 سے زائد لوگوں نے شرکت کی، گورنر Hochul کی ہدایت پر بلایا گیا تھا تاکہ قابلِ تجدید توانائی کی تعیناتی کو تیز کرنے کے لیے حکمتِ عملیوں کو تلاش کیا جا سکے اور اگلی نسل کی اخراج سے پاک ٹیکنالوجیز کے کردار کا مطالعہ کیا جا سکے جن کی اقتصادی ترقی میں مدد کے لیے ضرورت ہے اورکاربن سے مکمل طور پر پاک انرجی گرڈ کے لیے موسمیاتی ایکٹ کا ہدف حاصل کرتی ہیں۔ گورنر نے ریاست نیو یارک کی توانائی پر تحقیق و تیاری کے محکمے (New York State Energy Research and Development Authority، NYSERDA) بورڈ کے چیئر Richard Kauffman کو اس سربراہی اجلاس کا سربراہ تعینات کیا ہے تاکہ وہ کانفرنس کے چیئر کی ذمہ داریاں نبھائیں اور ساتھ ہی NYSERDA، محکمۂ خدماتِ عامہ (Department of Public Service, DPS)، ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD)، نیو یارک کے محکمۂ بجلی (New York Power Authority , NYPA)، محکمۂ تحفظِ ماحولیات (Department of Environmental Conservation, DEC)، محکمۂ صحت (Department of Health, DOH)، ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات (Division of Homeland Security and Emergency Services, DHSES) اور محکمۂ محنت (Department of Labor, DOL) کے قائدین اور عملے کی خدمات سے بھی استفادہ کریں۔

NYSERDA بورڈ کے چیئر Richard Kauffman نے کہا، "میں صنعت کے رہنماؤں اور ماہرین کا شکر گزار ہوں جنہوں نے صاف توانائی پر منتقلی کے لیے ریاست کے عزم کی حمایت میں سربراہی کانفرنس میں اپنی بصیرت کا اشتراک کیا جو ریاست میں ملازمتوں، کاروبار اور صنعت کی ترقی لائے گی۔ جبکہ ہم ان آراء پر غور کرتے ہیں اور ان اہم اقدامات کی رہنمائی میں آگے بڑھتے ہیں، ہم صفر اخراج گرڈ کے حصول کے لیے درکار وسائل کی تیاری کو تیز کرنے میں دوسری ریاستوں کے لیے ایک مثال بننے کے لیے پُرعزم ہیں"۔

NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "متنوع پس منظر اور تجربے کے حامل ماہرین کے اس گروپ کے بروقت بلائے جانے سے اگلی نسل کی امید افزا ٹیکنالوجیز پر تبادلۂ خیال اور دریافت کرنے کا موقع ملا جو نیو یارک کی صاف توانائی کی مسلسل بڑھتی ہوئی معیشت کو سہارا دے سکتی ہیں۔ یہ اگلے اقدامات سرمایہ کاری اور ترجیحات کے ساتھ ہم آہنگ ہیں جو ہم وفاقی سطح پر دیکھ رہے ہیں جو کہ ہماری پیشرفت کو جاری رکھنے کے لیے مستقبل کے فنڈنگ کے مواقع سے کامیابی کے ساتھ فائدہ اٹھانے کے لیے ان اگلے اقدامات اور حکمتِ عملیوں کو اہم بناتا ہے"۔

یہ کام امریکی محکمۂ توانائی کی "لفٹ آف" رپورٹس پر استوار ہے، جس میں کاربن کے اخراج سے پاک توانائی کی ٹیکنالوجیز کو تجارتی پیمانے تک لانے کے لیے ضروری تقاضوں اور راستوں کی تفصیل دی گئی ہے۔ سربراہی کانفرنس مئی میں منعقد ہونے والی حالیہ وائٹ ہاؤس سمٹ آن ڈومیسٹک نیوکلیئر ڈیپلائمنٹ (White House

(Summit on Domestic Nuclear Deployment تک بھی جاتی ہے جس نے پوری دنیا میں ہونے والی ان پیشرفتوں کو اجاگر کیا تھا جو سرکاری اور نجی شعبے موجودہ جوہری تنصیبات کے استعمال کو برقرار رکھنے، نئی جوہری ٹیکنالوجیز کی تعیناتی، نئے ری ایکٹرز ذمہ داری سے لگانے کا عمل ہموار کرنے، اور مضبوط سپلائی چین اور افرادی قوت کی تعمیر جیسے معاملات میں ہوئی ہیں۔

مزید برآں، NYSERDA اور DPS-کمشنڈ ٹیکنالوجی اور اقتصادی مطالعات مستقبل کی نسل کی توانائی کی تیاری کے لیے ریاست کے تحفظات کو مطلع کر رہے ہیں اور ان کی تکمیل کر رہے ہیں تاکہ ان متنوع نسل کی ٹیکنالوجیز کا تجزیہ کیا جا سکے جو کاربن سے پاک معیشت میں کردار ادا کر سکتی ہیں۔ ٹیکنالوجی کے یہ اختیارات طویل المعیاد توانائی ذخیرہ کرنے والی ٹیکنالوجیز سے لے کر گرڈ بنانے والے انورٹرز اور چھوٹے ماڈیولر نیوکلیئر ری ایکٹرز تک وسیع ہیں۔

نیو یارک سٹیٹ محکمۂ پبلک سروس کے سی ای او Rory M. Christian نے کہا، "گورنر Hochul کی طرف سے بلائی گئی اس سربراہی کانفرنس میں صاف توانائی اور اقتصادی ترقی پر اہم توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ محکمہ اگلی نسل کی ٹیکنالوجیز کی تیاری اور ریاست نیو یارک میں قابلِ تجدید توانائی کو مزید وسعت دینے کے لیے دیگر ایجنسیوں اور دیگر شرکائے کار کے ساتھ شراکت داری کا منتظر ہے"۔

ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "جبکہ نیو یارک قابلِ تجدید توانائی کے وسیع استعمال کو فروغ دیتا ہے، گورنر Hochul کی انتظامیہ کاروباری اداروں کو درپیش چیلنجوں اور توانائی کی بڑھتی ہوئی ضروریات سے نمٹنے کے لیے کام کر رہی ہے۔ سرکاری اور نجی شرکائے کار کو شامل کرنے کے لیے اس سربراہی کانفرنس کو منظم کرنے سے، ریاست نیو یارک اپنی کامیابیوں کا بہتر انداز میں جائزہ لے سکتی ہے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تزویراتی بہتری لا سکتی ہے کہ ہم پائیدار اقتصادی ترقی کی حمایت کرتے ہوئے اپنے اہداف کو پورا کر سکیں"۔

نیو یارک محکمۂ بجلی کے صدر اور سی ای او Justin E. Driscoll نے کہا، "مستقبل کی توانائی کی اقتصادی سربراہی اجلاس نے عالمی صنعت کے رہنماؤں کو نیو یارک ریاست میں کاربن سے پاک معیشت کے حصول کے لیے صاف توانائی کی پیداوار کی تعیناتی کے بارے میں جستجو اور تبادلۂ خیال کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کیا۔ ریاست کی کوششوں کو تقویت دینے کے عزم کے تحت، NYPA قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار کو بڑے پیمانے پر آگے بڑھا رہا ہے اور نئی ٹیکنالوجیز کو تعینات کرنے کے لیے اپنی مہارت کا فائدہ اٹھا رہا ہے جو ریاست کے کاربن فٹ پرنٹ کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ نیو یارک کے گرڈ کی لچک کو تقویت بخشے گی"۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے عبوری کمشنر Sean Mahar نے کہا، "ریاست نیو یارک پالیسیوں، پروگراموں، اور سرمایہ کاری کے ایک جامع مجموعے کا اطلاق کر رہی ہے تاکہ آب و ہوا کو تبدیل کرنے والی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے، صاف توانائی کے ذرائع کو بڑھانے، اور ہماری بدلتی ہوئی آب و ہوا سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والی کمیونٹیز میں سرمایہ کاری کرکے آب و ہوا کی مساوات کو آگے بڑھائیں۔ آج، گورنر Hochul، ریاستی توانائی کے قائدین، اور ملک بھر سے سرکاری اور نجی شعبے کے ماہرین نیو یارک کی توانائی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک راستہ طے کرکے اس کام کو تقویت دینے کے لیے ملاقات کر رہے ہیں جب کہ ہم صفر اخراج والے بجلی کے نظام کو حاصل کرنے کے لیے کام جاری رکھے ہوئے ہیں"۔

ریاست نیو یارک کے صحت کمشنر ڈاکٹر James McDonald نے کہا، "موسمیاتی تبدیلیوں اور صحتِ عامہ پر شدید موسم کے اثرات کے لیے موافقت اور منصوبہ بندی کرنا محکمۂ صحت کی ترجیح ہے۔ ہم قابلِ تجدید توانائیوں کے استعمال کے لیے صنعت کے رہنماؤں اور شرکائے کار سے ان کے خیالات سننے کے منتظر ہیں جو نیو یارک کے تمام شہریوں کی صحت کے تحفظ میں مددگار ثابت ہوں گی"۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ محنت کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا، "میں گورنر Hochul کو سراہتی ہوں کہ وہ قابلِ تجدید توانائی کے شعبے میں ہماری قیادت کو آگے بڑھانے کے لیے اس اختراعی سربراہی اجلاس کی

رفتار کو بروئے کار لائیں۔ میں بہت سے ماہرین اور شرکائے کار کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے ہمیں اپنا علم اور بصیرت پیش کی تاکہ ہم نیو یارک ریاست کی سبز معیشت کو سہارا دینے کے لیے حکمتِ عملی کے ساتھ کیریئر اور تربیت کے مواقع کو بڑھا سکیں"۔

گورنر Hochul کی قیادت میں ریاست نے توانائی کی لچک، بھروسے اور قابل استطاعت ہونے والی حالت کو مضبوط کرنے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں تاکہ نیویارک کو فوسل فیول پر انحصار کم کرنے کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔ ان میں سے بعض حالیہ اقدامات میں سنہ 2030 تک 6 گیگا واٹ (gigawatts, GW) توانائی ذخیرہ کرنے کے لیے توانائی ذخیرہ کرنے کے پروگراموں کی منظوری، ریاست گیر Solar for All پروگرام کا آغاز، Grid of the Future کی کاروائیوں کا آغاز شامل ہیں جن کی توجہ گرڈ کی لچک کو بڑھانے کے لیے لچکدار وسائل کی ہدفی ترقی اور قابل تجدید توانائی کی ٹیکنالوجیز کی مسلسل ترقی پر مرکوز ہے، جن میں South Fork Wind نامی آف شور ونڈ فارم کی حالیہ تکمیل، Empire Wind 1 کے تعمیراتی کاموں کا آغاز اور Sunrise Wind کے تعمیراتی کاموں کا آغاز شامل ہیں۔

نیو یارک لیگ آف کنزرویشن ووٹرز کی صدر Julie Tighe نے کہا، "ہماری پوری معیشت کو قدرتی تیل پر چلنے والی معیشت سے صاف توانائی پر چلنے والی معیشت پر منتقل کرنا ہمارے وقت کا سب سے بڑا چیلنج ہے اور جس کے لیے ہر کسی کو کام کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم گورنر Hochul کو سراہتے ہیں کہ انہوں نے صنعت کے رہنماؤں، پالیسی ماہرین، اور فیصلہ سازوں کے لیے جگہ بنائی کہ وہ ایک ساتھ مل کر اس بات کا تصور کریں کہ – ٹیکنالوجی سے لے کر ضوابط تک اور وہاں سے لے کر سرمایہ کاری تک – موسمیاتی تبدیلی کے بدترین اثرات کو روکنے اور نیو یارک کے تمام مکینوں کے لیے صاف توانائی کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہے"۔

الائنس فار کلین انرجی نیو یارک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Marguerite نے کہا، "ہماری ریاست کے موسمیاتی قانون کی سنہ 2030 اور سنہ 2040 کی آخری تاریخیں تیزی سے قریب آ رہی ہیں، اور ہم گورنر Hochul کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ نیو یارک 100 فیصد اخراج سے پاک توانائی کی راہ پر گامزن ہے۔ موجودہ اور نئی ٹیکنالوجیز میں جدت طرازی ہمارے مستقبل کی کلید ہو گی، اور نیو یارک ایک بار پھر اس جگہ رہنماء بننے کے لیے تیار ہے"۔

نیو یارک سٹیٹ بلڈنگ ٹریڈز کے صدر Gary LaBarbera نے کہا، "آج کی مستقبل کی توانائی کی معیشت کی سربراہی کانفرنس ان ذرائع کی نشاندہی کرنے میں بہت آگے نکل گئی ہے جو ہمیں اپنے قابلِ تجدید توانائی کے پروگرام کو اگلی سطح تک لے جانے اور اقتصادی مواقع اور خاندان کو برقرار رکھنے والے یونین کیریئر کو مزید کھولنے کے لیے درکار ہوں گے جو یہ پیدا کرتا ہے۔ جبکہ ہم سبز بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو جاری رکھے ہوئے ہیں جو ہمیں ہمارے معیار ترتیب دینے والے صاف توانائی کے اہداف کی طرف دھکیلتے ہیں اور متوسط طبقے کے لیے قابلِ رسائی راستے ہموار کرتے ہیں، یہ ضروری ہے کہ ہم ان پہل کاریوں کی تعیناتی کے لیے نئی اور موثر راہیں تلاش کرنا جاری رکھیں۔ ہم گورنر Hochul اور NYSERDA کو ان اہم بات چیت کے لیے سٹیج ترتیب دینے کے لیے سراہتے ہیں اور ان اگلے اقدامات کو انجام دینے میں اپنا کردار ادا کرنے کے منتظر ہیں جو بالآخر ہمارے ماحول اور آنے والی نسلوں کے لیے نیو یارک کے باشندوں کی زندگیوں کو بہتر بنائے گا"۔

نیو یارک کے آزاد پاور پروڈیوسرز کے صدر اور سی ای او Gavin J. Donohue نے کہا، "IPPNY اس اہم تقریب کی میزبانی کے لیے گورنر کو خراج تحسین پیش کرتا ہے تاکہ اگلی نسل کی ٹیکنالوجیز کے کردار کو مزید دریافت کیا جا سکے جو ریاست کے صاف توانائی کے مستقبل کی رہنمائی کرے گی۔ نیو یارک کے جنریٹرز نے ہمیشہ صاف توانائی پر منتقلی کی حمایت کی ہے، اور ہمارے اراکین مواقع دستیاب ہونے کے ساتھ ہی نئے وسائل میں سرمایہ کاری کے لیے تیار رہتے ہیں"۔

یونائیٹڈ ایسوسی ایشن آف جرنی مین اینڈ اپرنٹس آف دی پلمبنگ اینڈ پائپ فٹنگ انڈسٹری آف امریکہ اور کینیڈا کے بین الاقوامی نمائندے John Murphy نے کہا، "نیو یارک ایک اہم لمحے پر کھڑا ہے جہاں ہماری ریاست کی توانائی اور روزگار کی ضروریات دونوں کو پورا کرنے کے لیے جرات مندانہ فیصلے کیے جانے چاہیے۔ پبلک

سروس کمیشن کی جانب سے نئے نیوکلیئر، کلین ہائیڈروجن اور تھرمل انرجی نیٹ ورکس کو قابلِ تجدید توانائی کے خاندان کے جزو کے طور پر تسلیم کرکے، ہم صاف توانائی کے مستقبل کے لیے درکار بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے لیے اربوں کے وفاقی فنڈز کو کھول سکتے ہیں۔ ہنر مند تجارتیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تیار ہیں کہ یہ منصوبے آنے والی نسلوں کے لیے اچھی ملازمتیں اور قابلِ اعتماد توانائی فراہم کریں، اور گورنر Hochul کی قیادت میں، ہم حقیقی ترقی کے اس موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں"۔

پارٹنرشپ فار نیو یارک سٹی کی صدر اور سی ای او Kathryn Wylde نے کہا، "گورنر کی سرکاری اور نجی شعبے کے ماہرین کو شامل کرنے کی حکمتِ عملی اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ نیو یارک کس طرح صفر اخراج والی معیشت کو حاصل کر سکتا ہے سمارٹ ہے اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ نیو یارک کامیابی کے ساتھ منتقلی کے اس عمل میں سے گزرے"۔

بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز کونسل آف نساؤ اور سافلک کاؤنٹیز کے صدر Matthew Aracich نے کہا، "ریاست نیو یارک کی گورنر Kathy Hochul نے ایک ایسے سفر کا آغاز کیا ہے جو ہمیں صفر کاربن فٹ پرنٹ حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہوئے اس راستے پر لے جاتا ہے۔ جدید ترین سبز ٹیکنالوجیز کو اپنانا ایک پائیدار معیشت بنانے اور ہمارے پیش کردہ ہوشیار ذہنوں کو بااختیار بنانے کا تیز ترین اور مؤثر طریقہ ہے۔ اس جگہ میں گورنر کی قیادت کی وجہ سے، ہمیں یقین ہے کہ جیسے جیسے یہ نئی ٹیکنالوجیز تجارتی ہوں گی، ہم یہاں لانگ آئی لینڈ اور ریاست بھر میں اچھے، خاندان کو برقرار رکھنے والے یونین کیرئیر بنائیں گے"۔

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والی بجلی کے ہدف کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن کے اخراج و تدارک میں توازن پیدا کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 61 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 28$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے لگ بھگ 3$ بلین، اورNY گرین بینک کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2022 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 400 رجسٹر شدہ اور 130 سے زائد مصدقہ موسمیاتی اسمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والے ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی اقدامات کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں